# C

**CCE PR**
**NSR & NSPR**

**ಕರ್ನಾಟಕ ಪ್ರೌಢ ಶಿಕ್ಷಣ ಪರೀಕ್ಷಾ ಮಂಡಳಿ, ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – 560 003**

**KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD, MALLESHWARAM, BANGALORE - 560 003**

**ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಪರೀಕ್ಷೆ, ಜೂನ್ / ಜುಲೈ, 2022**

**S.S.L.C. EXAMINATION, JUNE / JULY, 2022**

**ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು**

**MODEL ANSWERS**

ದಿನಾಂಕ : 01. 07. 2022 ] **ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 66-U**

Date : 01. 07. 2022 ] **Code No. : 66-U**

## ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ — ಉರ್ದು

## Subject : Third Language — URDU

**(ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಎನ್.ಎಸ್.ಆರ್. & ಎನ್.ಎಸ್.ಪಿ.ಆರ್.)**

**(Private Repeater / NSR & NSPR)**

**[ ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100**

**[ Max. Marks : 100**

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 10 × 1 = 10 | درجِ ذیل ہر سوال کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے سب سے مناسب جواب چُن کر لکھئے : | .I |
| | وہ نظم جس میں حضور اکرم ﷺ کی تعریف و توصیف بیان کی گئی ہو۔ | .1 |
| | (A) حمد (B) نعت | |
| | (C) غزل (D) رُباعی | |
| 1 | جواب : (B) نعت | |

Turn over ]

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| 2. | اِن میں جمع لفظ یہ ہے۔ | |
| | (A) فن (B) ذریعہ | |
| | (C) ہدایات (D) ایجاد | |
| | جواب : (C) ہدایات | 1 |
| 3. | وہ جملہ جس میں صرف ایک مبتدا اور ایک خبر ہو، کہلاتا ہے۔ | |
| | (A) جملۂ مفرد (B) جملۂ مرکب | |
| | (C) جملۂ فعلیہ (D) جملۂ اسمیہ | |
| | جواب : (A) جملۂ مفرد | 1 |
| 4. | ''اربیہ نے کھانا کھایا۔'' اس جملے میں علامتِ فاعل یہ ہے۔ | |
| | (A) اربیہ (B) نے | |
| | (C) کھانا (D) کھایا | |
| | جواب : (B) نے | 1 |
| 5. | غزل کا آخری شعر کہلاتا ہے۔ | |
| | (A) بیت الغزل (B) تخلص | |
| | (C) مطلع (D) مقطع | |
| | جواب : (D) مقطع | 1 |
| 6. | اِن میں مونث لفظ الگ کیجئے۔ | |
| | (A) طریقہ (B) خزانہ | |
| | (C) روشنی (D) رواج | |
| | جواب : (C) روشنی | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | وہ خطوط جو اپنے کُنبے والوں، رشتے داروں، دوستوں اور ملنے جلنے والوں کو لکھے جاتے ہیں۔ | .7 |
| | (A) نجی خطوط (B) سرکاری خطوط | |
| | (C) کاروباری خطوط (D) دفتری خطوط | |
| 1 | جواب : (A) نجی خطوط | |
| | وہ نظم جو چار مصرعوں پر مشتمل ہو، کہلاتی ہے۔ | .8 |
| | (A) غزل (B) قصیدہ | |
| | (C) مناجات (D) رباعی | |
| 1 | جواب : (D) رباعی | |
| | مرکب جملے کی قسمیں ہیں۔ | .9 |
| | (A) چار (B) تین | |
| | (C) دو (D) ایک | |
| 1 | جواب : (C) دو | |
| | وہ الفاظ جو دو لفظوں یا دو جملوں کے درمیان آتے ہیں اور دونوں کو باہم ملاتے ہیں، کہلاتے ہیں۔ | .10 |
| | (A) حروفِ عطف (B) حروفِ فجائیہ | |
| | (C) حروفِ علت (D) حروفِ تخصیص | |
| 1 | جواب : (A) حروفِ عطف | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 5 x 1 = 5 | **پہلے دولفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے :** | II. |
| | شام : صبح : : مشکل : ......... | 11. |
| 1 | جواب : آسان | |
| | دَور : زمانہ : : دُور : ......... | 12. |
| 1 | جواب : فاصلہ | |
| | ایجاد : ایجادات : : فرد : ......... | 13. |
| 1 | جواب : افراد | |
| | معالج : علاج کرنے والا : : پرستار : ......... | 14. |
| 1 | جواب : پرستش کرنے والا/ چاہنے والا | |
| | پارہ چڑھنا : غصّہ ہونا : : آنکھیں چمک اٹھنا : ......... | 15. |
| 1 | جواب : بہت خوش ہونا | |
| 5 x 1 = 5 | **درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے :** | III. |
| | شیخ حسین عبداللہ کس نام سے مشہور ہوئے ؟ | 16. |
| 1 | جواب : بوعلی سینا | |
| | ملّا نصیرالدین کو اپنا وعدہ کب یاد آیا ؟ | 17. |
| 1 | جواب : جب دروازے پر یہ تحریر دیکھی ''بے وقوف گدھا'' | |
| | محمد علی جوہؔر کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟ | 18. |
| 1 | جواب : 1878ء کو رام پور | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | سلیمان خطیب کی ابتدائی تعلیم کہاں ہوئی ؟ | .19 |
| 1 | جواب : میدک | |
| | محمد علی جوہر کا لقب کیا تھا ؟ | .20 |
| 1 | جواب : رئیس الاحرار | |
| 10 x 2 = 20 | **دو یا تین جملوں کے جوابات :** | .IV |
| | عطاؔ کلیانوی خاموش رہنے کی تاکید کیوں کر رہے ہیں ؟ | .21 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ کوئی حق بات سننے کو تیار نہیں ہے۔ | |
| 1 | ☆ ماحول سازگار نہیں ہے۔ | |
| | سر ایم وشویشوریا کو میسور کے دیوان کا عہدہ کس نے اور کیوں پیش کیا ؟ | .22 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ جب ملک بھر میں آپ کی ذہانت و استعداد کا چرچا ہو گیا۔ | |
| 1 | ☆ والئ میسور سری کرشنا راج وڈیر بہادر نے آپ کو دیوان کا عہدہ دیا۔ | |
| | ملّا نصیر الدین کو کس لئے اپنے گھر میں چھُپ کر بیٹھنا پڑا ؟ | .23 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ ملا نصیر الدین نے اپنے دوستوں کو کھانے پر تو بلا لیا تھا، مگر گھر میں کھلانے کے لئے کچھ نہ تھا۔ | |
| 1 | ☆ بیوی نے ڈانٹ پلائی اور مہمان نوازی کی حماقت کرنے سے روکا۔ اس لئے گھر میں چھپ کر بیٹھنا پڑا۔ | |
| | شعر و شاعری کے علاوہ عمر خیّام کی شہرت کس حیثیت سے ہوئی ؟ | .24 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ شعر و شاعری کے علاوہ عمر خیّام کی شہرت ایک سائنس دان اور | |
| 1 | ☆ ماہر ریاضی دان کی حیثیت سے ہوئی۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/ اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| 25. | مولانا محمد علی جوہؔر کے اُردو اور انگریزی اخبارات کے نام بتائیے۔ | |
| | جواب : | |
| | ☆ انگریزی اخبار ''کامریڈ'' | 1 |
| | ☆ اُردو کا روزنامہ ''ہمدرد'' | 1 |
| 26. | '' کم سخن بھی ہیں، باتونی بھی'' سلیمان خطیب سے متعلق کہے گئے اس جملے کی وضاحت کیجئے۔ | |
| | جواب : | |
| | ☆ سلیمان خطیب عام طور پر خاموش طبعیت کے انسان تھے۔ بہت کم گفتگو کرتے تھے۔ | 1 |
| | ☆ مگر جب دوستوں کے ساتھ رہتے تو بہت زیادہ باتیں کرتے۔ اس لئے مصنف نے کہا– وہ ''کم سخن بھی ہیں، باتونی بھی'' | 1 |
| 27. | حضور اکرم ﷺ جب حرم پاک میں پہنچے تو لوگوں نے کس طرح اپنی محبت کا اِظہار کیا ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ حضور اکرم ﷺ جب حرم پاک میں پہنچے تو لوگوں نے اپنی محبت کا اِظہار اس طرح کیا۔ | 1 |
| | ☆ وہ آئے محمد ﷺ، وہ آئے محمد ﷺ کی صدا سے حرم گونج اُٹھا۔ | 1 |
| 28. | ریاستِ میسور میں سر ایم وشویشوریا نے کونسے کارخانے قائم کئے ؟ | |
| | جواب : | |
| | ریاستِ میسور میں سر ایم وشویشوریّا کے قائم کردہ کارخانے یہ ہیں : | |
| | ☆ شکر کا کارخانہ | |
| | ☆ صندل کی لکڑی سے تیل نکالنے کا کارخانہ | 1 |
| | ☆ ریشم کا کارخانہ | |
| | ☆ لوہے اور فولاد کا کارخانہ | 1 |
| | (نوٹ : کوئی دو کارخانوں کے نام مطلوب ہیں) | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | معراج کو مولانا ابوالبیان حمّاد نے نعتِ شریف میں کس نام سے یاد کیا ہے ؟ | .29 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ حضورا کرم ﷺ جب زمین سے آسمان کا سفر کئے تو اُسے معراج کہا گیا۔ | |
| 1 | ☆ شاعر نے اس سفر کو عجب ارتقا قرار دیا کیونکہ یہ شرف صرف آپ ﷺ کو حاصل ہوا۔ | |
| | ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے : | .30 |
| | (i) صدا (ii) آرزو | |
| | جواب : | |
| 1 | (i) ہمارے گھر میں تین مساجد کے اذانوں کی صدا آتی ہے۔ | |
| 1 | (ii) ہر مسلمان کعبہ دیکھنے کی آرزو رکھتا ہے۔ | |
| | (نوٹ : اِن جملوں کے علاوہ دوسرے صحیح جملوں پر نشانات دیئے جائیں۔) | |
| 11 x 3 = 33 | **تین یا چار جملوں کے جوابات :** | .V |
| | **بحوالۂ متن درج ذیل جملوں کی وضاحت کیجئے :** | |
| | ''اس نام کی کوئی مچھلی ہمارے پاس نہیں ہے۔'' | .31 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ کرشن چندر کے لکھے مضمون ''دھوبی نے مگر مچھ کو کھالیا'' سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ یہ جملہ دوسرے کلرک نے رامو سے کہا۔ | |
| 1 | ☆ جب رامو نے اس سے اپنا نام بتایا تھا۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/ اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .32 | ''کیااس ملک سے جاپان کو برآمد کرنے کے لئے ہم ہی ایک مناسب چیز رہ گئے ہیں ؟'' | |
| | جواب : | |
| | ☆ یہ جملہ مجتبیٰ حسین کا سفر نامہ ''جاپان چلو جاپان چلو'' سے لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | ☆ یہ جملہ مصنف نے اپنے افسرِ بالا سے کہا۔ | 1 |
| | ☆ جب افسر نے انہیں جاپان بھیجے جانے کی بات سنائی۔ | 1 |
| .33 | ''تو پھر آج رات کا کھانا آپ کے یہاں ہی رہے گا۔'' | |
| | جواب : | |
| | ☆ یہ جملہ ملا نصیر الدین کے قصّے (لطیفے) کے ''مہمانوں پر کیا گزری'' سے لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | ☆ یہ جملہ ملا نصیر الدین کے ایک دوست نے ملا سے کہا۔ | 1 |
| | ☆ جب انہوں نے اپنی مہمان نوازی کی شیخی بگھاری تھی۔ | 1 |
| .34 | درجِ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے : | |
| | (i) کرشن چندر (ii) مجتبیٰ حسین | |
| | جواب : | |
| | (i) کرشن چندر | |
| | پیدائش – 19 نومبر 1913ء کشمیر | |
| | وفات – 1977ء ممبئی۔ | 1 |
| | اہم نکات – ☆ کامیاب ناول نگار اور افسانہ نگار۔ | |
| | ☆ آل انڈیا ریڈیو اور فلموں سے وابستگی | 1 |
| | تصانیف – ان داتا، ٹوٹے تارے، پرانے خدا، نظارے، شکست اور حسینوں کا شہر۔ | 1 |
| | یا | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/ اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | (ii) مجتبیٰ حسین | |
| | پیدائش – 1936ء چینچولی، گلبرگہ | |
| | اہم نکات – ☆ روزنامہ ''سیاست'' میں مزاحیہ کالم، شیشہ وتیشہ سے ادبی زندگی کا آغاز کیا۔ | 1 |
| | تصانیف – ☆ تکلف برطرف، قطع کلام، آدمی نامہ، سو ہے وہ بھی آدمی، جاپان چلو جاپان چلو۔ | 1 |
| | اعزازات – ☆ ''پدم شری'' اور ''ہاسیہ رتن'' | 1 |
| 35. | **درجِ ذیل شعراء میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے:** | |
| | (i) سید احمد شاکرؔ (ii) مرزا غالبؔ | |
| | جواب : | |
| | (i) سید احمد شاکرؔ | |
| | پیدائش – 1927ء | |
| | اہم نکات – ☆ میسور یونیورسٹی سے اُردو میں بی.اے (آنرز) اور ایم.اے کے امتحانات پاس کئے۔ آپ ایک فطری شاعر ہیں۔ | 1 |
| | ☆ آپ کا کلام ہندو پاک کے مقتدر رسائل میں شائع ہوتا رہا ہے۔ | 1 |
| | ☆ سرکاری کالج میں اُردو و فارسی کے ریڈر مقرر ہوئے۔ | 1 |
| | **یا** | |
| | جواب : | |
| | (ii) مرزا غالبؔ | |
| | پیدائش – 1797ء آگرہ | |
| | وفات – 15 فروری 1869ء دلّی | 1 |
| | اہم نکات – ☆ بچپن ہی سے شعر وسخن کا چسکا تھا۔ | |
| | ☆ مزاج میں خودداری تھی۔ | |
| | ☆ اُردو کے مقبول شاعر تھے۔ | 1 |
| | تصانیف – دیوانِ غالبؔ، کلیات نظم فارسی، اُردوئے معلّٰی اور عودِ ہندی وغیرہ۔ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **اشعار کی تشریح :** | |
| | موت کا ایک دن معین ہے<br>نیند کیوں رات بھر نہیں آتی | 36. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ شعر مرزا اسداللہ خاں غالبؔ کی غزل سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس شعر میں غالبؔ فرماتے ہیں کہ موت کا ایک دن مقرر ہے۔ | |
| 1 | ☆ پھر کیوں ہمیں موت کے ڈر سے رات بھر نیند نہیں آتی۔ (دراصل شاعر عشق میں گرفتار ہونے کے سبب سو نہیں پاتا ہے۔) | |
| | سدا ہم تو کھوئے گئے سے رہے<br>کبھو آپ میں تم نے پایا ہمیں | 37. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ شعر میر تقی میرؔ کی غزل سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس شعر میں شاعر میر تقی میرؔ فرماتے ہیں کہ ہم تو ہر وقت تمہارے خیالوں میں ڈوبے رہتے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ کیا ایسا بھی ہوا ہے کہ آپ میرے خیالوں میں کھوئے رہتے ہو۔ | |
| | یہ پھول مجھے کوئی وراثت میں ملے ہیں<br>تم نے مرا کانٹوں بھرا بستر نہیں دیکھا | 38. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ شعر ڈاکٹر بشیر بدرؔ کی غزل سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس شعر میں بشیر بدرؔ فرماتے ہیں کہ میں نے یہ راحت وسکون ورثہ میں حاصل نہیں کیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ میں نے کئی مشکلیں طے کی ہیں۔ جس کی خبر تمہیں نہیں ہے۔ | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | درجِ ذیل سوالات کے مختصر جوابات : | |
| | شاعر سیّد احمد شا کر نے اپنی نظم ''قومی یکجہتی'' میں کن اہم باتوں کا اظہار کیا ہے ؟ | 39. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ سید احمد شاکر نے بتایا کہ ہمیں جذبات میں بہہ کر غلط فیصلے نہیں لینا چاہیئے ۔ ہمیں تو اسی سرزمین میں جینا اور مرنا ہے ۔ | |
| 1 | ☆ تعصب، عداوت، کدورت اور نفرت کے نتیجے میں ہمیشہ انسان کا لہو بہتا ہے ۔ | |
| 1 | ☆ ہمیں باہمی جھگڑوں کو ختم کرنا ہوگا۔ ہمارے رازوں پر پردہ ڈالنا ہوگا۔ ورنہ ہم اپنے مقصد میں کبھی کامیاب نہیں ہونگے ۔ | |
| | ☆ ہمارا ہر کام وطن کی شان و عظمت کو بڑھانے کے لئے ہونا چاہیئے ۔ اس کے لئے ہمارے اتحاد، اتفاق اور یکجہتی کی ضرورت ہے ۔ | |
| | ( کوئی تین نکات مطلوب ہیں ) | |
| | ہانگ کانگ ہوائی اڈہ پر جب طیارہ اترتا ہے تو کیسا محسوس ہوتا ہے اور کیوں ؟ | 40. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یوں محسوس ہوتا ہے جیسے طیّارہ، ہوائی اڈہ پر نہیں اُتر رہا ہے، بلکہ سمندر میں گر رہا ہے ۔ | |
| 1 | ☆ جب طیّارہ نیچے اُترنے لگتا ہے تو پورا جزیرہ نظروں کے سامنے آجاتا ہے ۔ | |
| 1 | ☆ گویا وہ فلک بوس عمارتوں کو اپنی ہتھیلی میں سجائے ہوئے سمندر کی لہروں سے کھیلتا ہو ۔ | |
| | درجِ ذیل انگریزی تحریر کا اردو میں ترجمہ کیجئے : | 41. |
| | Maulana Abulkalam Azad was born in Macca. He was a freedom fighter. He was the first Education Minister of India. | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ مولانا ابوالکلام آزاد مکّہ میں پیدا ہوئے ۔ | |
| 1 | ☆ وہ ایک مجاہدِ آزادی تھے ۔ | |
| 1 | ☆ وہ ہندوستان کے پہلے وزیرِ تعلیم تھے ۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/ اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| VI. | **درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھئے :** | 3 x 4 = 12 |
| 42. | ''حمد'' کے ابتدائی چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے۔ | |
| | جواب : | |
| | **حمد** | |
| | مولانا الطاف حُسین حالؔی | |
| | اے ساری دنیا کے مالک راجا اور پرجا کے مالک | 1 |
| | سب سے انوکھے سب سے نرالے آنکھ سے اوجھل دل کے اجالے | 1 |
| | ناؤ جگت کی کھینے والے دکھ میں سہارا دینے والے | 1 |
| | جوت ہے تیری جل اور تھل میں باس ہے تیری پھول اور پھل میں | 1 |
| 43. | حضرت عائشہؓ کی فیاضی اور سخاوت کا کوئی واقعہ بیان کیجئے۔ | |
| | یا | |
| | علمِ طبعیات، فنِ طب اور علمِ ریاضی پر بوعلی سینا کے کیا کیا احسانات رہے ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ حضرت عائشہؓ اس قدر غنی اور سخی تھیں کہ ایک مرتبہ ستر ہزار درہم اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کر دیئے۔ | 1 |
| | ☆ حضرت امیر معاویہؓ نے جب ایک لاکھ درہم حضرت عائشہؓ کی خدمت میں بھجوائے تو شام تک اُنہوں نے یہ پوری رقم غریبوں اور محتاجوں میں تقسیم کردی۔ | 1 |
| | ☆ اس وقت حضرت عائشہؓ روزہ سے تھیں۔ | 1 |
| | ☆ باوجود اس کے حضرت عائشہؓ نے اِفطار کی کچھ فکر نہ کی۔ | 1 |
| | یا | |
| | ☆ انہوں نے علمِ طبعیات (Physics) میں حرکت، قوت، خلا، روشنی اور حرارت جیسے اہم مضامین پر تحقیقی کام کئے ہیں۔ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 1 | ☆ وہ پہلے سائنس دان ہیں جنہوں نے روشنی کی رفتار کا نظریہ پیش کیا۔ | |
| 1 | ☆ انہوں نے دواؤں سے ہٹ کر فنِ طب میں نفسیات (Pychology) سے علاج کیا۔ | |
| 1 | ☆ اس طریقۂ علاج کے وہ مُوجد اور ماہر تھے۔ | |
| | سلیمان خطیب کی شخصیت پر مختصر نوٹ لکھئے۔ | 44. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ سلیمان خطیب کی شخصیت تہہ در تہہ چھپی ہوئی تھی۔ شاعر میں وہ ایک الگ روپ میں جلوہ گر ہوتے ہیں تو شخصی ملاقات میں دوسرا روپ دھار لیتے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ مشاعرہ میں کلام سناتے ہوئے یہ شخصیت مختلف ہوجاتی ہے۔ بازار میں مل جائیں تو وہ ایک مختلف فرد نظر آئیں گے اور گھر پر میزبانی کرتے ہوئے وہ کچھ اور لگتے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ موصوف تفاوت کا شکار ہیں یعنی گنجلک بھی ہیں، سادہ لوح بھی، مصلحت پسند بھی ہیں، صاف گو بھی، شاعر بھی ہیں اور اداکار بھی، کم سخن بھی ہیں باتونی بھی، | |
| 1 | ☆ خوش پوس بھی ہیں، سادہ لباس بھی، سلیقہ مند بھی ہیں اور لاابالی بھی، بے باک بھی ہیں، شرمیلے بھی، فضول خرچ بھی ہیں، کفایت شعار بھی، خوش خوراک بھی ہیں اور فاقہ مست بھی۔ | |
| 1 x 5 = 5 | **عبارت سے متعلق سوالات کے جوابات :** | VII. |
| | حکیم اجمل خاں <u>1863ء</u> کو دلّی میں پیدا ہوئے۔ وہ دلّی شہر کے نہایت ہی مشہور حکیم تھے۔ اِن کی شہرت پورے ہندوستان میں پھیلی ہوئی تھی۔ حکیم خاں بڑے باکمال انسان تھے۔ اِن کی ذہانت کا یہ عاَلم تھا کہ بہت کم عمری میں انہوں نے قرآن حفظ کرلیا۔ عربی اور فارسی کی تعلیم گھر پر ہی مکمل کرلی۔ <br><br> بچپن ہی سے کُتب بینی کا شوق تھا۔ گھنٹوں کتابیں پڑھتے رہتے۔ کھانے پینے کا بھی ہوش نہ رہتا تھا۔ اِن کے اس شوق کو دیکھ کر اُن کے والد پیار سے اُن کو مُلّا پکارتے تھے۔ اُن کے والد حکیم محمود خاں نے طبِ یونانی کو زندہ رکھنے کے لئے دہلی میں ایک طبیّہ مدرسہ جاری کیا تھا۔ | .45 |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | سوالات : | |
| | (i) حکیم اجمل خاں کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟ | |
| | (ii) حکیم اجمل خاں کیسے انسان تھے ؟ | |
| | (iii) حکیم اجمل خاں کی ذہانت کا عَالَم کیا تھا ؟ | |
| | (iv) حکیم اجمل خاں کے والد اِن کو کس نام سے پکارتے تھے ؟ | |
| | (v) حکیم اجمل خاں کے والد حکیم محمود خاں نے کون سا مدرسہ جاری کیا ؟ | |
| | جواب : | |
| 1 | (i) حکیم اجمل خاں 1863ء میں دلّی میں پیدا ہوئے۔ | |
| 1 | (ii) حکیم اجمل خاں بڑے با کمال انسان تھے۔ | |
| 1 | (iii) حکیم اجمل خاں کی ذہانت کا یہ عَالَم تھا کہ بہت کم عمری میں اُنھوں نے قرآن حفظ کرلیا۔ | |
| 1 | (iv) حکیم اجمل خاں کو ملّا کے نام سے پکارتے تھے۔ | |
| 1 | (v) طب یونانی کو زندہ رکھنے کے لئے دہلی میں ایک طبیہّ مدرسہ جاری کیا۔ | |
| 1 x 5 = 5 | **مضمون نویسی :** | VIII. |
| | میرا پسندیدہ کھیل یا ماحول کی آلودگی | 46. |
| | جواب : | |
| | مضمون نویسی : **میرا پسندیدہ کھیل :** | |
| 1 | تمہید – کسی قول، فقرہ یا ضرب المثل سے آغاز | |
| 1 | نفسِ مضمون – ☆ کھیل کا نام اور تعارف | |
| 1 | ☆ پسند کرنے کے اسباب | |
| 1 | ☆ کھیل کے فائدے | |
| 1 | اختتام/ خاتمہ – مضمون سے متعلق اپنے تاثرات | |
| | یا | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/ اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | مضمون نویسی : ماحول کی آلودگی : | |
| | تمہید – کسی قول،فقرہ یا ضرب المثل سے مضمون کا آغاز | 1 |
| | نفسِ مضمون – ☆ ماحول کی تعریف،آلودگی کے نقصانات | 1 |
| | ☆ ماحول کی آلودگی کے اسباب | 1 |
| | ☆ حفاظتی تدابیر | 1 |
| | اختتام/ خاتمہ – مضمون سے متعلق اپنی ذاتی رائے | 1 |
| IX. | **مکتوب نگاری :** | 1 x 5 = 5 |
| 47. | اپنے میر مدرس کے نام ایک درخواست لکھئے جس میں سندِ تبادلہ (T. C.) طلب کی گئی ہو۔ | |
| | جواب : | |
| | i) منجانب/ نام : XYZ | |
| | ii) بخدمت : میر مدرس صاحب | 1 |
| | iii) عرض مدعا : سندِ تبادلہ (T.C.) کے لئے درخواست | 1 |
| | iv) مضمون خط : کوئی وجہ بتلا کر سندِ تبادلہ (T.C.) طلب کرنا | 1 |
| | v) اختتام : آپ کا/ آپ کی فرماں بردار شاگرد/ شاگردہ | 1 |
| | iv) مقام/ تاریخ : | 1 |
| | یا | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | اپنے والد/ والدہ کے نام ایک خط لکھئے جس میں اِمتحان کی فیس طلب کی گئی ہو۔ | |
| | جواب : | |
| | i) ازمقام : | |
| 1 | ii) مورخہ : | |
| 1 | iii) آداب والقاب : والد صاحب قبلہ آداب/ پیاری امّی جان آداب | |
| 1 | iv) مضمون خط : اِمتحان کی فیس سے متعلق والد/ والدہ کو جانکاری دینا | |
| 1 | v) اختتام : فقط آپ کا/آپکی/ چہیتا/ چہیتی/ بیٹا/ بیٹی۔ | |
| 1 | iv) مکتوب الیہ کا نام اور پتہ : | |